14-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی حکومت نے تلنگانہ ریاست کے گرام پنچایتوں کو 640 کروڑ روپے کا فنڈ جاری کیا ہے۔

۲۔ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ گھریلو استعمال کے لیے گیس سلنڈروں کی فراہمی میں کسی قسم کی مشکل پیدا نہ ہو،اس کے لیے سخت اقدامات کئے گئے ہیں۔

۳۔ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی خودمختاری اور خودروزگار کو فروغ دینے کے لیے ریاستی حکومت قرضوں کو جاری کررہی ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر روَنیت سنگھ نے کہا کہ حیدرآباد شہر کے اطراف مجوزہ ریجنل رنگ روڈ کے ساتھ ریجنل رنگ ریل کے منصوبہ کو منظوری دی ہے۔

LPG Distributors Association

ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ گھریلو استعمال کے لیے گیس سلنڈروں کی فراہمی میں کسی قسم کی مشکل پیدا نہ ہو، اس کے لیے سخت اقدامات کئے گئے ہیں۔آج ریاستی وزیر نے ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ ریاست بھر میں کل ایک ہی دن میں ریکارڈ 2,37,123 گیس سلنڈر تقسیم کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تعداد عام دنوں کی اوسط یومیہ تقسیم کے مقابلے میں تقریباً 12 ہزار سلنڈر زیادہ ہے۔وزیر نے کہا کہ اگر کوئی گیس سلنڈروں کی مصنوعی قلت پیدا کرنے یا انہیں بلیک مارکیٹ میں منتقل کرنے کی کوشش کرے گا تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

Gas Cylinders

ضلع سوریاپیٹ کے کلکٹر تیجس نندلال پوار نے بتایا کہ تجارتی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والے گیس سلنڈروں کی تقسیم پر کچھ پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ گھریلو استعمال کے سلنڈر بک کروانے والے صارفین کو 2 سے 3 دن کے اندر گیس سلنڈر فراہم کیے جارہے ہیں۔کلکٹر نے کہا کہ اگر گھریلو گیس سلنڈروں کو تجارتی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا تو سخت کارروائی کی جائے گی۔ضلع جنگاؤں کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے کہا کہ گھریلو گیس سلنڈروں کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں گے۔انہوں نے بتایا کہ طلب کے مطابق ضلع میں گیس ایجنسیوں کے پاس سلنڈروں کا مناسب ذخیرہ موجود ہے اور عوام کو غیر ضروری طور پر فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔اسی طرح ضلع ملگ کے کلکٹر ٹی ایس دیوا کرنے واضح کیا کہ ضلع میں گھریلو گیس سلنڈروں کی کوئی کمی نہیں ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے میں پریشان نہ ہوں۔کلکٹر نے کہا کہ گھریلو سلنڈروں کی قلت نہ ہونے کے لیے پیشگی اقدامات کیے جارہے ہیں۔

Mulugu District Collector Divakar's Sound Byte

Women's Employment

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی خودمختاری اور خود روزگار کو فروغ دینے کے لیے ریاستی حکومت قرضوں کی فراہمی کے منصوبہ کو تیار کررہی ہے۔آج نلگنڈہ میں سیٹ وِن ادارہ کے زیر اہتمام تربیت حاصل کرنے والی 116 خواتین کو وزیر نے سلائی مشینیں اور اسناد تقسیم کیں۔اس موقع پر وزیر نے بتایا کہ سیٹ وِن کے ذریعہ اب تک 27 کورسس میں تقریباً 1250 خواتین کو تربیت فراہم کی جاچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ تربیت حاصل کرنے والی خواتین

اگر خود کو خواتین گروپس کی شکل میں منظّم کریں تو ان کے روزگار کے لیے حکومت کی جانب سے قرض فراہم کئے جائیں گے۔ وزیر وینکٹ ریڈی نے مزید بتایا کہ کمپیوٹر تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرکاری اسکولوں میں انسٹرکٹرس کے طور پر مقرر کیا جائے گا۔

Triple R

مرکزی وزیر روَنیت سنگھ نے بتایا ہے کہ حیدرآباد شہر کے اطراف مجوزہ ریجنل رنگ روڈ کے ساتھ ساتھ ریجنل رنگ رائز قائم کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس منصوبہ کے لیے ڈی پی آر تیار کرنے کی غرض سے سروے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ لوک سبھا میں رکن پارلیمنٹ کرن کمار ریڈی کے سوال کے جواب میں مرکزی وزیر نے کہا کہ نیتی آیوگ اور وزارتِ خزانہ کی منظوری کے بعد اس پروجیکٹ کو حتمی منظوری دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں منصوبوں کی تکمیل سے حیدرآباد کے اطراف کے علاقوں میں نقل وحمل کے ذرائع مزید آسان ہوجائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی کو بھی فروغ ملے گا۔

Ramachandra Rao

ریاستی بی جے پی صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری بحران کے باعث کئی ممالک میں گیس اور خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، لیکن ہندوستان میں مودی حکومت نے ان کی قیمتوں کو قابو میں رکھا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کچھ دلال مصنوعی طور پر گھریلو گیس کی قلت پیدا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں اس مسئلہ کو سیاسی مفادات کے لیے استعمال کررہی ہیں۔ اس موقع پر رام چندر راؤ نے موسیٰ ندی احیاء پروجیکٹ کی لاگت کو پانچ ہزار کروڑ روپے سے بڑھا کر سات ہزار کروڑ روپے کرنے پر بھی اعتراض ظاہر کیا۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ کسی بھی منصوبے کو شروع کرنے سے پہلے بے گھر ہونے والے افراد کے لیے متبادل انتظامات کئے جائیں۔

Sound Byte Ramchandra Rao

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے نئی دہلی میں مرکزی وزیر برائے خواتین واطفال کی بہبود انا پورنا دیوی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ اس موقع پر سیتا اکا نے نربھیا فنڈ کے تحت ضلع ملوگو کے لیے خصوصی طور پر 10 کروڑ روپے مختص کرنے پر مرکزی وزیر کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے تین سال سے کم عمر بچوں کی دیکھ بھال کے لیے قائم مراکز میں کام کرنے والے عملہ کے اعزازیہ میں اضافہ کرنے کی بھی درخواست کی اور اس سلسلے میں ایک یادداشت مرکزی وزیر کو پیش کی۔ سیتا اکا نے مزید مطالبہ کیا کہ ریاست کو مختلف مرکزی اسکیموں کے تحت ملنے والے فنڈس کو جلد از جلد جاری کیا جائے۔

Census

سینسس ڈائرکٹر بھارتی ہولیکیری نے کہا ہے کہ 2027 کی مردم شماری ریاست تلنگانہ کے لیے تاریخی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست تلنگانہ کے قیام کے بعد یہ پہلی مردم شماری ہوگی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ 2021 میں ہونے والی مردم شماری کو کورونا وبا کی وجہ سے ملتوی کرنا پڑا تھا، جبکہ اب اس عمل کو پہلی بار ڈیجیٹل طریقہ سے انجام دیا جا رہا ہے۔ بھارتی ہولیکیری نے مزید کہا کہ اس مردم شماری کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ آزاد ہندوستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ذات (کاسٹ) کی مردم شماری بھی اس کے ساتھ کی جا رہی ہے۔

Railway Transport

ورنگل کی رکن پارلیمنٹ کڈیم کاویہ نے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تلنگانہ سے دھان اور کپاس کی نقل وحمل کے لیے مزید ریلوے ریکس مختص کریں۔ ان کی درخواست پر مرکزی حکومت نے مثبت ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ مرکزی وزیر روَنیت سنگھ بٹو نے بتایا کہ اس وقت ریاست سے تقریباً 3.59 ملین ٹن دھان ریلوے کے ذریعہ منتقل کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بوگیوں کی دستیابی کے مطابق دھان کی نقل وحمل کا عمل بلا تعطل جاری رکھا جائے گا۔

CM – Musi Renovation Scheme

ریاست کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے واضح کیا ہے کہ موسیٰ ندی احیاء منصوبہ کے نفاذ کے سلسلے میں تعمیری تجاویز کو قبول کیا جائے گا لیکن اگر کوئی اس منصوبے کو روکنے کی کوشش کرے گا تو اسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت غریبوں کی دشمن نہیں ہے اور بے گھر ہونے والے افراد کو ان ہی کے حلقوں میں مکانات تعمیر کر کے فراہم کئے جائیں گے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ موسیٰ ندی کی بحالی کا یہ منصوبہ آنے والی نسلوں اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے ایک بڑے مشن کی طرح ہے۔انہوں نے یہ بات حیدرآباد کے ایک ہوٹل میں منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جہاں موسیٰ ندی کی بحالی کی ضرورت اور ابتدائی مرحلے میں تیار کئے جانے والے گاندھی سرور پروجیکٹ کے منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ کچھ لوگ سیاسی مفادات کے تحت سوشل میڈیا پر بیوٹیفکیشن لوٹیفکیشن جیسے نعرے لگا کر غلط پروپیگنڈہ کر رہے ہیں۔

Sound Byte Revanth Reddy

Tirumala Oil Palm

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے ریاستی وزیر پونم پربھاکر کے ساتھ آج سدی پیٹ ضلع کے نرمٹا میں آئیل پام فیکٹری کا معائنہ کیا۔اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس فیکٹری کا افتتاح اس مہینہ کی 22 تاریخ کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے 30 اضلاع میں آئیل پام کی پیداوار جاری ہے جبکہ سدی پیٹ کا علاقہ اس کیلئے ایک مرکز کے طور پر تبدیل ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ چالیس کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے گئے آئیل ریفنری فیکٹری کو ریاست کے مختلف علاقوں سے کسان اپنے پیداوار کے ذریعہ یہاں آئیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئیل پام کے فصل کی پیداوار منافع بخش ہے۔کسانوں کو آئیل پام کی پیداوار پر توجہ دینے پر زور دیا۔

Central Fund

مرکزی حکومت نے تلنگانہ ریاست کے گرام پنچایتوں کو 640 کروڑ روپے کا فنڈ جاری کیا ہے۔ یہ فنڈ 2024-25ء مالیاتی سال سے متعلق زیرالتوا فنڈ ہے جبکہ 2025-26ء کے مالیاتی سال کا 1200 کروڑ کا زیرالتوا فنڈ جاری ہونا باقی ہے۔ ریاستی حکومت نے اس فنڈ کو بھی جاری کرنے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا۔

Godavari Pushkaralu

ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے کلکٹر انکت نے آج جون 2027 میں ہونے والے گوداوری پشکرالو کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ کلکٹر نے بتایا کہ موجودہ گھاٹوں کی مرمت کے ساتھ ساتھ جہاں ضرورت ہوگی وہاں نئے گھاٹ بھی تعمیر کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ انہوں نے گوداوری بند کے قریب واقع ڈمپنگ یارڈ اور مدھیلا اسٹیڈیم میں جاری انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔ یہاں 27 مارچ کو شری رام نومی کے موقع پر منعقد ہونے والے شری سیتا راما چندرا سوامی کلیانوتسو کے لیے خصوصی انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر رکن اسمبلی ٹی وینکٹ راؤ، پی وینکٹیشورلو، آئی ٹی ڈی اے پی او بی راہول اور سب کلکٹر مرنال شریستھا سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

Inter Evaluation

انٹرمیڈیٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ جو پرنسپلس اساتذہ کو پرچوں کی جانچ کیلئے ریلیو نہیں کریں گے یا پرائیویٹ انتظامیہ تعاون نہیں کرے گا، ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ سرکاری کالجس، ایڈیڈ اور پرائیویٹ سمیت تمام ریزیڈنشل جونیر کالجس کے پرنسپلس کے لیے بورڈ نے ان کے کالج لاگنز میں اساتذہ کی تعیناتی کے آرڈرز درج کر دیے ہیں۔ بورڈ نے بتایا کہ انٹرمیڈیٹ کے اسپاٹ ویلیویشن کا عمل کل سے شروع ہوگا اور اس میں تقریباً 450 اساتذہ حصہ لیں گے۔

Padayatra

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ ریاست میں اگلی حکومت بی جے پی کی ہی ہوگی۔آج انہوں نے کریم نگر کے مہاشکتی مندر سے کونڈا گٹو انجنیا اسوامی مندر تک تقریباً 40 کلومیٹر کی پدیاترا کا آغاز کیا۔اس موقع پر بنڈی سنجے نے کہا کہ جی ایچ ایم سی انتخابات میں کانگریس، بی آر ایس اور ایم آئی ایم پارٹیاں مل کر بھی بی جے پی کو شکست نہیں دے سکتیں۔اس پدیاترا میں کریم نگر کے میئر کے علاوہ متعدد بی جے پی کارپوریٹرس اور تقریباً دس ہزار کارکنان نے شرکت کی۔

○○